سوال

(298)رضاعی بھانجی سے نکاح کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید نے اپنی دادی ہندہ کا دودھ پیا ہے پس زید کا نکاح ہندہ کی تتنی (نواسی) سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں کیوں کہ ہندہ کی تتنی زید کی رضاعی بھانجی ہے اور نسبی بھانجی حرام ہے)

حُرِّمَت عَلَيكُم أُمَّهـٰتُكُم وَبَناتُكُم وَأَخَوٰتُكُم وَعَمّـٰتُكُم وَخـٰلـٰتُكُم وَبَناتُ الأَخِ وَبَناتُ الأُختِ ... ٢٣ سورة النساء

(حرام کی گئیں تم پر تمھاری مائیں اور تمھاری بیٹیاں اور تمھاری بہنیں اور تمھاری پھوپھیاں اور تمھاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں)

جو لوگ نسب سے حرام ہیں رضاعت سے بھی حرام ہیں صحیح مسلم میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

"ان اللہ حرم من الرضاعۃ ما حرم من النسب"[1](مشکوۃ شریف ص 265 مطبوعہ انصاری)

---

[1]۔ صحیح مسلم رقم الحدیث (1441)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ:498